# اشتہار برائے نیلامی

مورخہ: 28.10.2025 بروز منگل کو بوقت 10 بجے دن، پولیس قربان لائن لاہور میں کنڈم شدہ مختلف اقسام کے وائرلیس سیٹ، بیٹریاں، بیٹری چارجرز، ٹول، لوہا سکریپ وغیرہ کے علاوہ متفرق اشیاء مثلاً آہنی چارپائیاں، کرسیاں وغیرہ کو" سٹورز میں جہاں ہے جیسے ہے "کی بنیاد پر نیلام عام کیا جائے گا۔ خواہش مند حضرات مورخہ: 13.10.2025 تا 24.10.2025 تک صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک مذکورہ سامان کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

**شرائط نیلامی درج ذیل ہیں:-**

1. نیلام عام میں صرف رجسٹرڈ افراد ہی حصہ لے سکتے ہیں۔
2. نیلامی میں حصہ لینے کے لئے خواہش مند حضرات پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی (50ہزار روپے) بحق سنیئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب بطور ٹوکن منی / رجسٹریشن (قابل واپسی) دفتری اوقات میں جمع کروا کر رجسٹریشن نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن فارم زیر دستخطی کے دفتر واقع پولیس قربان لائن لاہور سے حاصل کر کے مورخہ: 24.10.2025 تک اسی دفتر میں جمع کروائے جائیں گے۔
3. بوقت نیلامی رجسٹریشن نمبر بولی دہندہ کے پاس ہونا لازمی ہے۔ بصورت دیگر نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہو گا۔
4. بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں گے۔
5. بولی دینے سے پہلے سامان کو اچھی طرح چیک کر لیں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔
6. کامیاب بولی دہندہ کو ہر لاٹ کی کل رقم کا 25٪ (نا قابل واپسی) موقع پر لازمی نقد ادا کرنا ہو گا اور بقایا رقم چھ (06) دن کے اندر جمع کروا کر سامان اٹھانے کا پابند ہو گا ورنہ 25٪ رقم بمعہ پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ بحق سرکار ضبط ہو جائے گا اور کوئی کلیم قابل قبول نہ ہو گا۔
7. کامیاب بولی دہندہ مکمل رقم کی ادائیگی کے بعد اندر معیاد (04یوم) سامان اُٹھانے کا پابند ہو گا۔
8. کل بولی کا انکم ٹیکس یا دیگر ٹیکس (جو بھی حکومت مقرر کرے) علیحدہ وصول کیا جائے گا۔
9. کمیٹی کو اختیار ہو گا کہ بغیر وجہ بتائے کسی بھی ایک یا تمام بولیوں کو منظور یا مسترد کر دے۔
10. کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں دفتر زیر دستخطی سے بذریعہ ٹیلی فون نمبرز: 39-38- 042-99202137 اور موبائیل نمبر (03324872233) پر مورخہ: 23.10.2025 تک دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**(اختر فاروق) پی ایس پی**
**سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس**
**ٹیلی کمیونیکیشن پنجاب،**
**قربان لائن لاہور**